سیلون اور حجام کی دکانوں کے لئے رہنمائی

بال، ناخن، ٹیننگ سیلون اور حجام کی دکانیں چل سکتی ہیں بشرطیکہ وہ کام کرنے والی جگھوں کے مابین کم از کم 6 فٹ کا سماجی فاصلہ یقینی بنائیں۔ ان سہولیت مراکز میں افراد کی قربت کی وجہ سے، صحت کے پروٹوکول کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔

گاہک سے بات چیت:

- سیلون یا سہولیت مرکز میں لوگوں کی تعداد کو محدود کرنے کے لئے اپائنٹمنٹس کا وقت مقرر کریں تاکہ گاہکوں کے مابین 6 فٹ کا فاصلہ ممکن ہو سکے
- اپائنٹمنٹ کے وقت گاہکوں کو اپنے ساتھ اضافی افراد لانے کی اجازت نہ دیں
- گاہوکوں اور واک-ان والوں کو دوسروں سے 6 فٹ کی دوری قائم رکھتے ہوئے باہر ہی انتظار کرنا چاہئے جب تک کہ لائسنس یافتہ شخص تیار نہ ہوجائے
- بلا رابطہ ادائیگی کی سفارش کی جاتی ہے
- ایسی خدمات فراہم کرنے پر غور کریں جو کم پیچیدہ ہوں اور انہیں کم وقت درکار ہو
- صارفین جب اندر ہوں تو انہیں جہاں تک ممکن ہو چہرے کے ماسک پہننے چاہئے

سہولت مرکز کے پروٹوکولس:

- تمام غیر ضروری اشیاء کو ہٹا دیں جیسے رسائل
- کثیر استعمال والی چیزوں کو ہینڈل کرنے اور جراثیم سے پاک کرنے کی ضرورت کو کم سے کم کرنے کے لئے ڈسپوز ایبل اشیاء کا استعمال کریں
- کثیر استعمال والے ٹُولز کو صاف اور جراثیم سے پاک کریں اور سامان کو گندے ہوئے ٹُولز اور سامان سے الگ رکھنا چاہئے
- ہر گاہک کے درمیان ورک اسٹیشنوں اور سامانوں کی مکمل طور پر صفائی کرنا ضروری ہے
- فرش، سائٹ پر موجود لانڈری اور دیگر سہولیات کو ہر روز اچھی طرح سے صاف کریں
- کمپیوٹرس اور لینڈ لائن فون سمیت دیگر تمام سطحوں کو ہر استعمال کے درمیان باقاعدگی سے صاف کریں
- تمام لوگوں کو حفظان صحت کے بہترین طریقوں کی یاددہانی کروانے کے لئے ”بیماری کو روکنے میں مدد کریں“ پوسٹر کو چسپاں کریں

ملازم کی صحت:

تمام ملازمین کو مناسب صفائی اور حفظان صحت کے طریقوں کی تربیت دیں



سیلون یا سہولت مرکز میں داخل ہونے سے پہلے ملازمین کو اسکرین کر لیں، اور جو بیمار ہوں انہیں گھر بھیج دیں

سیلون یا سہولت مرکز میں داخل ہوتے وقت اور ایک گاہک سے دوسرے گاہک کے درمیان ہاتھ صاف کریں

خدمات فراہم کرتے وقت، اگر ممکن ہو تو، دستانے پہنیں

جہاں تک ممکن ہو دوسروں سے کم سے کم 6 فٹ کی دوری برقرار رکھیں

ناک اور منہ کو کپڑے کے بنے نقاب سے ڈھانپیں

مزید معلومات کے لئے austintexas.gov/covid19

06/24/2020

APH Austin Public Health PREVENT. PROMOTE. PROTECT.